KT-X-14(A)

Sig. of Supdt. ______________

# اسلامیات اختیاری (دہم)

(Fresh)

Roll No. ______________

Fic No. ______________

Fic No. ______________

وقت: 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبرات: 75

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں۔سیکشن الف، ب اور ج۔سیکشن الف کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کر دیں۔

## سیکشن "الف" (معروضی)

وقت: 20 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر: 15

نوٹ: اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔کاٹے گئے یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

سوال 1 مندرجہ ذیل سوالات کے لیے درست جواب کا انتخاب (الف، ب، ج، د) کی صورت میں کریں اور اپنا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اور عبادات میں کسی کو شریک ٹھہرانا ______ کہلاتا ہے۔
الف) گناہ　ب) کفر　ج) ظلم　د) شرک

(ii) عقیدہ توحید سے انسان میں عزت نفس اور ______ پیدا ہوتی ہے۔
الف) دیانتداری　ب) رواداری　ج) بردباری　د) خودداری

(iii) حضور ﷺ کا ادب واحترام انسانیت کی روح اور ایمان کی ______ ہے۔
الف) شان　ب) آن　ج) بان　د) جان

(iv) اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے اتباع کو اپنی رضا اور ______ کا ذریعہ بتایا ہے۔
الف) شفقت　ب) عنایت　ج) محبت　د) بخشش

(v) پانی نہ ملنے کی صورت میں غسل اور وضو کی جگہ ______ رکھا گیا ہے۔
الف) تسلیم　ب) تبسم　ج) تیمم　د) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) علم کے ذریعے انسان ______ حاصل کرتا ہے۔
الف) دولت　ب) شہرت　ج) معرفت الٰہی　د) عزت

(vii) ______ کی حالت میں قاضی فریقین کے درمیان فیصلہ نہ کریں۔
الف) پریشانی　ب) غصے　ج) نفسیاتی دباؤ　د) ذہنی الجھن

(viii) جب کسی مقدمے کا صریح فیصلہ قرآن اور احادیث میں نہ ملتا ہو تو قاضی کو ______ کر کے فیصلہ کرنے کی اجازت ہے۔
الف) دلائل　ب) قیاس　ج) اپنی مرضی　د) حالات کے مطابق

(ix) جہاد کا لغوی معنی کس کام کے لیے ______ کرنا۔
الف) ارادہ　ب) کوشش　ج) فکر　د) عہد

(x) اگر اسلام کے بنیادی ارکان اسلام کی عمارت ہے تو جہاد اس کے ______ ہے۔
الف) چھت　ب) دیوار　ج) چاردیواری　د) کھڑکی

(xi) حلال روزی کی تلاش عبادات کے بعد ______ فرض ہے۔
الف) دوسرا　ب) پہلا　ج) تیسرا　د) چوتھا

(xii) ایک سچا اور ایماندار مسلمان تاجر قیامت کے دن ______ کے ساتھ ہوگا۔
الف) شہداء　ب) متقین　ج) صالحین　د) ذاکرین

(xiii) ______ روزی کمانے کا ناجائز ذریعہ ہے۔
الف) سود　ب) جوا　ج) سمگلنگ　د) یہ تمام

(xiv) جب انسان اپنی حیا کھودیتا ہے۔تو وہ ایک ______ کی طرح ہوجاتا ہے۔
الف) جنونی　ب) زخمی شیر　ج) وحشی درندے　د) زہریلے سانپ

(xv) جن سے سیکھو، ان کے ساتھ ______ سے پیش آؤ۔
الف) شفقت　ب) تواضع　ج) نرمی　د) محبت

Result.pk

# اسلامیات اختیاری (دہم)

(Fresh )

کل نمبر:60　　　　وقت:2 گھنٹے 40 منٹ

## سیکشن ب

نمبر: 36

**سوال 2　مندرجہ ذیل میں کوئی سے (نو) اجزاء حل کریں۔ ہر جزو کے 04 نمبر ہیں۔**

(i) اِنَّ التَّوْحِیْدَ رَأْسُ الطَّاعَات کا ترجمہ اور تشریح کریں۔

(ii) اطاعت رسول ﷺ اور اسکی اہمیت بیان کریں۔

(iii) طہارت اخلاق سے کیا مُراد ہے؟

(iv) علم سے کیا مراد ہے؟

(v) عدل کی کیا معنی ہے؟

(vi) جہاد کی فضیلت کے بارے میں حضور ﷺ کا کیا ارشاد ہے؟

(vii) دوران جنگ مجاہدین کے لیے کونسا دستور العمل ہے؟

(viii) رزق کمانے کے جائز ذریعے کون سے ہیں؟

(ix) حیاء کے ضمن میں حضور ﷺ کے دو احادیث بیان کریں؟

(x) رسالت کی عظمت بیان کریں؟

(xi) تبلیغ کا مفہوم بیان کریں؟

(xii) غرور کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں مختصراً لکھیں۔

## سیکشن ج

نمبر: 24

**نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر ایک کے 08 نمبر ہیں۔**

سوال 3۔ اطاعت رسول کریم ﷺ اور اسکی اہمیت مفصل طور پر بیان کریں؟

سوال 4۔ اسلامی معاشرے میں سماجی انصاف پر کیوں زور دیا گیا ہے؟ تفصیل سے بیان کریں؟

سوال۔5۔ اسلامی عبادات کی امتیازی خصوصیات مفصل طور پر بیان کریں؟

سوال۔6۔ رسالت کی ضرورت اور اہمیت پر نوٹ لکھیں؟

یا

حضرت موسیٰ علیہ اسلام کی تبلیغی کوشش پر نوٹ لکھیں؟

Result.pk